سوال

(268) روزے کی حالت میں بیوی کے ساتھ لیٹنا اورانزال ہوجانے کی صورت میں کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی روزے کی حالت میں بیوی کے ساتھ لیٹ گیا محض لیٹنے اور مَس ہونے کی وجہ سے انزال ہوگیا تو کیا روزہ ٹوٹنے کی اس صورت میں قضا کے ساتھ کفارہ بھی ادا کرنا پڑے گا یا صرف قضا ہے۔ (عبدالباسط۔ نارنگ منڈی) (١٦جون ٢٠٠٠ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بحالت ِروزہ بیوی کے ساتھ کھیل کود کی صورت میں اگر منی خارج ہوجائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس کی قضا دینا ہوگی۔ بایں صورت کفارہ نہیں دینا پڑے گا۔ اس کی ادائیگی صرف مجامعت کی شکل میں ہے تاہم اگر بحالت ِخواب احتلام ہوجائے یا غوروفکر کی وجہ سے منی خارج ہوجائے تو بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الصوم: صفحہ:257

محدث فتویٰ